Grow Safe (Private) Limited
Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider
growsafehse.com

Ref: GSPL/PR/26/24/033
Date: 24/02/2026

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

سائٹ انڈسٹریل ایریا میں آگ سے حفاظت کے فوری اقدامات پر اتفاق
گروسیف 4,000 صنعتی یونٹس میں حفاظت کے نظام کو جدید بنائے گا

کراچی: صحت، حفاظت اور ماحولیات کے شعبے میں سرگرم ادارے گروسیف کے ایک وفد نے حال ہی میں سائٹ انڈسٹریل ایریا کا دورہ کرکے سائٹ ایسوسی ایشن اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب صدر، معروف صنعتکار عبدالرحمان فدا سے ملاقات کی۔

دونوں جانب سے سائٹ ایریا میں موجود 4,000 سے زائد صنعتی شعبوں میں آگ سے حفاظت کے جامع اقدامات کی بڑھتی ہوئی ضرورت کا گہرائی سے جائزہ لیا گیا، خاص طور پر فائر لوڈ کیلکولیشن، فائر رسک اسسمنٹ، الیکٹرکل سیفٹی سرویز، آکیوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ (OSH) اور آگ سے حفاظت کی تربیت کے علاوہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری اور ریسپانس فریم ورک کا متحرک نظام وضع کرنے پر غور و خوض کیا گیا۔

عبدالرحمان فدا، جو نامور اپیریل کمپنی ٹیکسٹائل چینل کے سی ای او بھی ہیں، نے گروسیف کی کاوشوں، خصوصاً صنعتی شعبہ جات میں آگ سے حفاظت کے نظام کو مضبوط کرنے کے اقدام کو سراہا۔ انہوں نے صنعتی ایریا کی حدود میں کام کرنے والے ممبران اور غیر ممبران اداروں میں فائر سیفٹی پروٹوکولز پر موثر عملدرآمد کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا، اور گروسیف کو سائٹ میں واقع صنعتوں میں فائر سیفٹی کے لیے ایسوسی ایشن کی نگرانی میں معاونت کے لیے کلیدی ذمداریاں سونپیں۔

ملاقات میں چیف ایگزیکٹو آفیسر گروسیف، سعد عبدالوہاب نے صنعتی نظامِ کار میں بلا رکاوٹ کام اور آگ لگنے کے مضمرات کے ضمن میں حفاظت کے معیارات اور قانونی ضروریات پورا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کا کہنا کہ پائیدار صنعتی ترقی کے لیے بروقت اقدامات اور حفاظت کا اسٹرکچرڈ نظام ناگزیر ہیں۔

اس موقع پر سعد عبدالوہاب نے فدا عبدالرحمان کو سائٹ ایسوسی ایشن اینڈ انڈسٹری کی صدارت سنبھالنے پر پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ملاقات کا اختتام صنعتی حفاظت کے معیارات کو بہتر بنانے اور کراچی میں محفوظ اور پائیدار صنعتی ماحول کے فروغ کے مشترکہ عزم کے ساتھ کیا گیا۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe